# طریقہ کارہائے انتقالات۔ اراضی ریکارڈ سنٹر

سوال نمبر 1 انتقال درج کروانے کے متعلق بنیادی ہدایات کی وضاحت سے لکھیں

۱۔ اصل شناختی کارڈز

۲۔ نادرا تصدیق

۳۔ ٹوکن کا اجراء

۴۔ وٹینگ ایریا میں مذکورہ ٹوکن پکار کا انتظار

۵۔ ٹوکن پکار کے بعد متعلقہ کاونٹر پر سائل کا ضروری مطلوبہ ریکارڈ کے بارے معلومات مہیا کرنا{یعنی قسم انتقال / موضع و چک}

۶۔ ایس سی او کی مطلوبہ ریکارڈ کی سسٹم میں پڑتال

۷۔ پڑتال ریکارڈ کے بعد درخواست گزار کا بائیو میٹرک انگوٹھا و تصویر بنانا

۸۔ تیاری چالان بمطابق شیڈول

۹۔ درخواست گزار کو گورنمنٹ واجبات وصولی کا چالان بنک میں جمع کرنے کے لئے مہیا کرنا

۱۰۔ سنٹر فیس مبلغ 200 روپے وصولی

۱۱۔ درجہ بالا کاروائی کو اندر 20 منٹ تکمیل / سرانجام دینا

سوال نمبر 2 اگر فروخت کرنے والی ایک سے زیادہ افراد ہیں تو سب کو نادرا تصدیق کروانا ہو گی

جواب جی ہاں، ہر بائعہ کی بذریعہ نادرا بائیو میٹرک تصدیق عمل میں لائی جائے گی

سوال نمبر 3 بائعہ کے پاس اصل شناختی کارڈ نہ ہو تو فوٹو کاپی پر نادرا تصدیق ہو سکتی ہے؟

جواب سروس سنٹر پر کسی بھی سروس کے حصول کے لئے اصل شناختی کارڈ کا ہونا ضروری و لازمی ہے

سوال نمبر 4 چالان کی فیس کہاں جمع کروائی جائے گی؟

جواب تیار شدہ چالان کی فیس متعلقہ بنک نیشنل / پنجاب بنک میں جمع کروائی جائے گی

سوال نمبر 5 چالان جمع ہونے سے پہلے بیانات لیئے جاسکتے ہیں؟

جواب چالان جمع ہونے کے بعد کمپیوٹر میں سکین اور لف کرنے کے بعد بیانات قلمبند کیئے جائیں گے۔

سوال نمبر 6 سروس سنٹر فیس کتنی جمع کروانی ہو گی اور کہاں جمع کروائی جائے گی؟

جواب سروس سنٹر فیس مبلغ 200 روپے انتقال کرنے والے ایس سی او کے پاس جمع کروائی جائے گی

سوال نمبر 7 کسی عورت کا شناختی کارڈ پر فوٹو کی جگہ انگوٹھا چسپاں ہو تو انتقال ہو جائے گا۔

جواب شناختی کارڈ پر تصویر کا چسپاں ہونا از حد ضروری ہے

سوال نمبر 8 اگر مالک اراضی عورت کے زمینی ریکارڈ میں والد کا نام درج ہے جبکہ شناختی کارڈ میں شوہر کا نام درج ہے۔ انتقال درج ہو سکتا ہے

جواب مذکورہ عورت نادرا فیملی فارم جس میں والدیت اور زوجیت دونوں درج ہوتے ہیں ہمراہ لے کر آئیں گے۔ مزید نکاح نامہ بھی پیش کیا سکتا ہے

سوال نمبر 9 بیانات قلمبند ہونے کے دوران تمام بائعان کا پیش ہونا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں

سوال نمبر 10 بیانات قلمبند ہونے کے دوران تمام مشتریان کا پیش ہونا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں

سوال نمبر 11 اگر کوئی مشتری باہر ممالک گیا ہوا ہے تو اس صورت میں انتقال پاس ہو جائے گا؟

سوال نمبر12 گواہان مذکورہ چک / موضع کا ہونا چاہیے یا پھر ساتھ والا کا پیش کیا جاسکتا ہے

جواب مذکورہ چک کے ہی گواہان کے بیانات قلمبند کئے جائیں گے۔

سوال نمبر13 مختیار عام کی صورت میں طریقہ کار کی وضاحت کریں؟

جواب مختیار گرہندہ ہمراہ اصل کاپی مختیار عام اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ پیش ہو گا جسے تصدیق کے لئے ہمراہ چھٹی / لیٹر جاری کرنے والے آفس کو بھجوایا جائے۔ تصدیق کے بعد مختیار گرہندہ بیان حلفی ابطال کا لکھ کر دے گا جس کے بعد انتقال کا اندراج عمل لایا جائے گا۔

سوال نمبر14 انتقال پاس ہونے کے بعد کاپی انتقال کے اجراء کے لئے کوئی فیس ادا کی جائے گی؟

جواب مذکورہ انتقال کی ایک عدد کاپی بغیر فیس کے جاری کی جائے گی۔ بعد ازاں مزید کاپی کی اجراء کے لئے بذریعہ نقول اجنسی آفس قانونگو سے لی جائے گی۔

سوال نمبر15 معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر بیانات قلمبند ہوسکتے ہیں؟

جواب معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر کسی بھی قسم کی سروس جاری نہ ہوسکتی۔

سوال نمبر16 اٹھارہ سال سے کم خریدنے والا مشتری کے لئے کیا چیز ہمراہ لانا ضروری ہے کیونکہ شناختی کارڈ نہیں بنا ہوا ہوتا ہے؟

جواب اٹھارہ سال سے کم عمر مشتری ہمراہ فارم "ب" / نادرا فیملی فارم آئے گا۔ سمارٹ کارڈ بھی پیش کیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر17 اٹھارہ سال سے کم عمر مالک اراضی کا رقبہ فروخت کا طریقہ کے بارے بتائیں؟

جواب اٹھارہ سال کم عمر مالک اراضی کا بذریعہ گارڈین مقرر عدالت عالیہ کوئی بھی کاروائی عمل میں لائی جائے گی؟

سوال نمبر18 انتقال وراثت کے کاغذات کی تفصیل بتائیں؟

جواب فوتگی سرٹیفکیٹ یونین کونسل کمپیوٹرائزڈ

نادرا فیملی سرٹیفکیٹ

سوال نمبر19 انتقال وراثت کون آدمی درج کرواسکتا ہے؟

جواب کوئی بھی حقیقی وارث مذکورہ انتقال درج کرواسکتا ہے

سوال نمبر20 کن انتقال انتقالات کے لئے فیلڈ رپورٹ لی جاتی ہے؟

جواب انتقال وراثت، انتقال ھبہ زبانی، جس انتقال میں خسرہ ٹوٹ رہا ہو۔

سوال نمبر 1 فرد کے اجراء کا طریقہ کار کیا ہے؟

جواب گزارش ہے کہ مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق فردات کا اجراء کیا جاتا ہے۔

۱۔ اصل شناختی کارڈ

۲۔ نادرا تصدیق

۲۔ ٹوکن کا اجراء

۳۔ ویٹنگ ایریا میں مذکوہ ٹوکن پکار کا انتظار

۴۔ ٹوکن پکار کے بعد متعلقہ کاونٹر پر سائل کا ضروری مطلوبہ ریکارڈ کے بارے معلومات مہیا کرنا {یعنی قسم ف ریکارڈ، ضمانت، حصول قرضہ وغیرہ / موضع وچک}

۵۔ ایس سی او کی مطلوبہ ریکارڈ کی سسٹم میں پڑتال

۶۔ پڑتال ریکارڈ کے بعد سائل کا بائیو میٹرک انگوٹھا و تصویر بنانا

۷۔ فیس وصول {پچاس روپے فی کھتونی} جو کہ سسٹم خود بخود چالان تیار کرتا ہے

۸۔ فرد اجراء {اندر دورانیہ 30 منٹ}

سوال نمبر 2 ذاتی ریکارڈ کی فرد کے اصل کے لئے اصل مالک اراضی کا آنا ضروری ہے؟

جواب ذاتی ریکارڈ کی فرد کسی بھی اصل شناختی کارڈ کے حامل شخص کو جاری کی جاسکتی ہے

سوال نمبر 3 فرد برائے رجسٹری کے لئے اصل مالک کا آنا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں

سوال نمبر 4 نادرا تصدیق نہ ہونے کی صورت میں فرد کا اجراء ہو سکتا ہے؟

جواب نادر تصدیق کے بغیر فرد کا اجراء نہیں ہو سکتا

سوال نمبر 5 فرد کی فیس کے مطلق تفصیل بتائیں؟

جواب فیس فی کھتونی 50 روپے ہے جسے سسٹم از خود تیار کرے گا اور فرد پر پرنٹ ہو گی

سوال نمبر 6 فرد کی فیس کہاں جمع کروانی ہو گی؟

جواب فرد کی فیس فرد جاری کرنے والے ایس کے پاس جمع کروائی جائے گی، تاہم بعد ازاں بنک برانچ آنے کی صورت میں بنک برانچ میں جمع کروائی جائے گی

سوال نمبر 7 کن کن فردات کے لئے اصل مالک اراضی کا آنا ضروری ہے؟

جواب ذاتی ریکارڈ کی فرد کے علاوہ ہر قسم کی فرد کے لئے مالک اراضی کا آنا ضروری ہے

سوال نمبر 8 فردات کی خانہ کیفیت میں حکم امتناعی، فک رہن وغیرہ کی تفصیل بھی لکھی ہوئی ہو گی

جواب جی ہاں۔ مذکورہ کھاتہ میں ہر قسم کی کاروائی / عمل درآمد / حکم امتناعی، منسوخ حکم امتناعی کی تفصیل درج ہو گی

سوال نمبر 9 معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر فرد جاری ہو سکتی ہے؟

معیاد ختم شدہ شناختی کارڈ پر کسی بھی قسم کی سروس جاری نہ ہو سکتی۔

سوال نمبر 10 اٹھارہ سال سے کم عمر مالک اراضی کو فرد جاری کی سکتی ہے؟

جواب فرد کے اجراء کے لئے شناختی کارڈ کا حامل شخص ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر 11 کسی شخص کے شناختی کارڈ پر تصویر کی بجائے انگوٹھا ہو تو فرد کا اجراء ہو جائے گا

جواب تصویر والا شناختی کارڈ پر ہی فرد کا اجراء ہو سکتا ہے۔